Package-B

Learn English Non-formal Way

Teachers' Guide

Directorate of Curriculum and Teacher Education
Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad

Package B

Learn

English

Non-formal Way

Teacher's Guide

Directorate of Curriculum and Teacher Education
Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

All rights are reserved with the Directorate of Curriculum and Teacher Education, Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad. However, the content can be used for learning purposes with the prior permission of this Directorate.

Notification no. 2933-36/CTR/DCTE Dated: 28.09.2023

This learning material has been developed to cater to the academic needs of out-of-school children in light of the Alternative Learning Pathways Ways (ALP) Curriculum 2020 approved by this Directorate.

Compiled and Reviewed by:

Mr. Sharaf Uddin, Subject Specialist Material Development DCTE Abbottabad
Ms. Sughra Mehboob Subject Specialist in English GGHSS No.2 Mansehra
Mr Faizan Ayub Hashmi Subject Specialist GHSS No.3 Abbottabad
Mr. Shehzada Waqar, SST GHSS No.1 Mansehra
Muhammad Abdul Basit, Subject Specialist in English GHSS Sherpur Mansehra
Mr. Inamullah Khan (Desk Officer) DCTE Abbottabad

Supervision:

Gohar Ali Khan
Director Curriculum and Teacher Education (DCTE) Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad

Focal Person:

Syed Amjad Ali
Additional Director (C&TR) DCTE Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad

Technical Support and Facilitation:

Ms. Gulnaz Jabeen Education Officer UNICEF Khyber Pakhtunkhwa
Muhammad Younas Curriculum and Material Development Specialist JICA (AQAL)
Muhammad Asif Kasi Provincial co-ordinator JICA (AQAL) Khyber Pakhtunkhwa
Mr. Atif Quddus Programme Manager PIU Khyber Pakhtunkhwa

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

Preface

Pakistan is facing a severe challenge to ensure all children, particularly the most underprivileged, attend, stay, and learn in school. While enrolment and retention rates are improving, progress has needed to be faster. Pakistan has the world's second-highest number of out-of-school children (OOSC), with an estimated 22.8 million children aged 5-16, while in Khyber Pakhtunkhwa, around 2.5 million children are out of school.

Despite the Khyber Pakhtunkhwa government's commitment to bring these out-of-school children to schools, a dire need is felt to discover alternative learning pathways, and the purpose could serve more effectively by adopting the non-formal approach towards learning.

The content of this book is exclusively developed to cater to the academic needs of students who lag in the course of learning. It allows them to learn at their own pace and rejoin formal schooling. Activities are interactive and functional addressing the diverse needs of out-of-school children, teaching them in a non-formal way. Considering the educational gap during the absence of learners in formal schooling, English language learning skills are taught in a practical way involving learners in dialogues and role play. Most grammatical concepts are text-based instead of explaining the grammar rules in isolation. Reading text is relatively short in length, including simple vocabulary.

The experts from the Directorate of Curriculum and Teacher's Education (DCTE) and Elementary and Secondary Education Department Khyber Pakhtunkhwa developed and reviewed this book in the light of Alternate Learning Pathways' (ALP) English Curriculum 2020 for primary grades, covering almost all the key concepts enlisted in the formal Curriculum.

Director
Directorate of Curriculum & Teachers' Educations,
Khayber Pakhtunkhwa, Abbottabad.

Table of Contents

Serial No.	Lessons	Page No.
1	Love For Children	01
2	This is Me	06
3	My Country Pakistan	11
4	Eid-Ul-Fitr	18
5	Road Safety	24
6	Morning Time	30
7	Sports	36
8	Natural Resources	42
9	Pretending	48
10	A Visit to a Doctor	52

Lesson 1

Love for Children

Lesson 1
Love for Children

Student Learning Outcomes (SLOs)

After reading this lesson, the students will be able to:

- Classify, pronounce, and practice long and short vowels and diphthongs as they occur in practice items and sentences in reading lessons and speech.
- Identify/Classify words that begin with consonants and vowel sounds.
- Articulate, recognize and use some formulaic expressions to:
  offer and respond to basic routine greetings
  express and offer a few basic social courtesies
- Identify, recognize and articulate three or more lettered sight words.
- Recognize specific parts of words including common inflectional endings.
- Use pre-reading strategies to predict some words that might occur in a text by looking at a picture/title.
- Apply while-reading strategies to interact with text to:
  skim through common graphical features such as pictures and tables in texts to increase understanding.
- Identify and differentiate between countable and uncountable nouns.
- Recognize general naming words as common nouns and particular naming words as proper nouns. Classify nouns as common and proper nouns (names of people, pets, places, holidays, etc.)
- Change the number of irregular nouns.
- Write simple two/three-syllable words with correct spelling. Leave spaces between them.
- Write numbers from 1 to 50 in words.

Theme:

Role Model

Sub-Theme:

Incidents from the life of Holy Rasool (ﷺ)

Material Required

Textbook, Charts and Markers

Teaching Strategies

Group and Pair Work, Presentations, Role play

گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

Introduction:

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ ان سے موسم و صحت کا حال دریافت کریں اور نئی جماعت میں خوش آمدید کہیں۔
- طلبہ کی سابقہ واقفیت جاننے کے لیے چند آسان سوالات کریں۔

مثلاً نبی کون ہوتا ہے؟ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لئے کتنے انبیاء بھیجے؟ اللہ کے آخری نبی کون ہیں؟

- اب سبق کی تیاری کے لئے درسی کتاب میں دیے گئے Pre-reading کے سوالات پوچھیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم اپنے پیارے رسول حضرت محمد خاتم النبیین صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی بچّوں سے محبت کے بارے میں پڑھیں گے۔

Development (Activities):

- با آواز بلند نمونے کی پڑھائی کریں۔ رفتار درمیانی رکھیں۔ تلفظ اور لہجے کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ متن غور سے سُنیں اور پڑھے جانے والے متن پر اُنگلی پھیرتے جائیں۔
- ٹیچر اگر ضرورت محسوس کرے تو متن کو کئی بار دُہرائے۔
- دوران سبق مختصر تفہیمی سوالات بھی پوچھتے جائیں۔ مثلاً

Who was greatly loved by the Holy Rasool (ﷺ)?

What were the names of the beloved Rasool's grandsons?

- اب طلبہ کے گروپ بنائیں اور ہر گروپ میں ایک ایسا گروپ لیڈر مقرر کریں جو پڑھائی میں قدرے بہتر ہو۔
- ہر گروپ لیڈر اپنے گروپ میں دیے گئے متن کے نمونے کی پڑھائی کرے۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔
- چونکہ اکثر بچے کمزور ہوتے ہیں اس لیے ہر بچے کو گروپوں میں پڑھائی کا موقع دیں۔
- آخر میں مشکل الفاظ کی وضاحت کریں۔ ڈکشنری سے بھی مدد لے سکتے ہیں۔

Questions Answers

- طلبہ اپنے گروپوں میں کام کرتے رہیں۔
- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔ بچوں کے جوابات تختۂ تحریر پر لکھیں۔
- بچوں کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں اور کئی بچوں سے جوابات پوچھیں۔
- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب متن میں براہ راست نہیں مل سکتا بلکہ متن پر غور کرنے سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔
- یہی طریقہ Multiple Choice Questions (MCQs) کی مشق کے لیے اپنائیں۔

Dialogue

- درسی کتاب میں دیے گئے ڈائیلاگ کی جماعت میں عملی مشق Role play کرائیں۔

Vowel Sounds

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے **Consonant and Vowel Letters** کا اعادہ کرائیں۔
- اب بتائیں کی **Vowel Letters** کو دو گروہوں میں تقسیم کیا جاتا ہے یعنی **Long and Short Vowels**
- وضاحت کریں کہ Long Vowels قدرے لمبے کرکے اپنے نام کی طرح (اے، ای، آئی، اوو، یو) ادا کیے جاتے ہیں جب کہ Short Vowels تھوڑا سا کھینچ کے جلدی سے ادا کیے جاتے ہیں۔
- مزید بتائیں کی اگر کسی Single Syllable لفظ کے درمیان میں Vowel Letter ہو تو عام طور پر اُسے مُختصر Short کرکے پڑھتے ہیں۔ مثلاً

bet, ten, fan, sit, cut, not وغیرہ۔

- اسی طرح کی اگر کسی Single Syllable لفظ کے درمیان میں Vowel Letter ہو اور آخر میں 'e' ہو تو عام طور پر اُسے لمبا Long کرکے پڑھتے ہیں۔ مثلاً

cake, these, five, bone, tube وغیرہ۔

- الفاظ پکار کر طلبہ سے Long and Short Vowel Sounds کی شناخت کروائیں۔
- آخر میں طلبہ کی درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

Grammar (Common and Proper Nouns)

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے **Naming Words** کا اعادہ کرائیں۔
- جماعت میں موجود اشیاء کے نام بتا کر Common and Proper Nouns کا تصور سمجھانے کی کوشش کریں۔ مثلاً ٹیچر کسی بچے کا نام لیے بغیر پکارے، لڑکے! ادھر دیکھو۔
- اب ٹیچر جماعت میں موجود کسی لڑکے / لڑکی کا نام لے کر کہے۔ مثلاً حامد / سارہ ادھر دیکھو۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے طلبہ کو واضح کریں کہ Common Noun کسی عام شخص، جگہ یا شے کے نام کو کہتے ہیں اور Proper Noun کسی خاص شخص، جگہ یا شے کے نام کو کہتے ہیں۔
- اسی طرح درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے Countable and Uncountable nouns اور Singular and Plural کی وضاحت کریں۔

- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

Writing

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئی **Counting** کا اعادہ کرائیں۔
- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمیاں کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

Home Work

- طلبہ سے کہیں کہ اپنے گھر میں موجود اشیاء کا غور سے مشاہدہ کریں اور Countable and Uncountable Nouns اور Singular and Plural کی فہرست تیار کریں۔

Glossary

Words	Meanings	Words	Meanings	Words	Meanings
beloved	محبوب	occasion	موقع	youngest	سب سے چھوٹا
declare	اعلان کرنا/بیان کرنا	affection	شفقت	ride	سواری
humanity	انسانیت/عوام الناس	prayer	نماز	Footprint	نقشِ قدم
kindness	مہربانی	grandson	پوتا/نواسا		
exemplary	مثالی/قابلِ تقلید	date	کھجور		

یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کو الفاظ کے معانی نہ بتائیں بلکہ انھیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔

Lesson 2

This is Me

Lesson 2	This is Me…

Student Learning Outcomes (SLOs)

After reading this lesson, the students will be able to:

- Demonstrate common conventions and dynamics of oral interactions in a group to express needs and feelings.
- Pronounce long and short vowel sounds in pair of words e.g., /a/ as in 'bat', /ai/as in rain, /e/ as in 'bed' and /ee/ as in 'feet'.
- Use pre-reading strategies to predict some words that might occur in a text by looking at a picture/title.
- Apply while-reading strategies to interact with text to:
  skim through common graphical features such as pictures and tables in texts to increase understanding.
- Identify and articulate words containing digraphs and tri-graphs in initial, middle and final position.
- Make anagrams from simple one syllable words.
- Illustrate the use of substitution words learnt earlier as subjective case.
- Recognize and Use substitution words as objective case: me, us, you, him, her, them, it.
- Write ordinal numbers "first to thirtieth" in words.

Theme:

Self, People and Places

Sub-Theme:

Myself

Material Required

Textbook, Charts and Markers

Teaching Strategies

Group and Pair Work, Total Physical Response (TPR), Role play گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

Introduction:

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ان سے موسم و صحت کا حال دریافت کریں۔
- سبق کی تیاری کے لئے چند آسان Pre-reading کے سوالات پوچھیں۔ مثلاً

Where do you come from? What is your father/mother?

Do you like pets/toys? What is your favourite pet/toy?

- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم ایک لڑکی 'صائمہ' کے بارے میں پڑھیں گے۔

Development (Activities):

- باآواز بلند نمونے کی پڑھائی کریں۔ رفتار درمیانی رکھیں۔ تلفظ اور لہجے کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ متن غور سے سُنیں اور پڑھے جانے والے متن پر اُنگلی پھیریں اور نئے الفاظ کے نیچے پنسل سے لکیر لگائیں۔
- ٹیچر اگر ضرورت محسوس کرے تو متن کو کئی بار دُہرائے۔
- دوران سبق مختصر تفہیمی سوالات بھی پوچھتے جائیں۔ مثلاً

Which class Saima read in?

What is her pet's name?

What is her favourite food? Name her favourite story?

- اب کسی رضاکار طالب علم کو جو پڑھائی میں قدرے بہتر ہو، نمونے کی قرات کرنے کی دعوت دیں۔
- طلبہ کو رضاکار طالب علم کے ساتھ متن دُہرانے کا کہیں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔ پڑھائی میں کمزور طلبہ پر خصوصی توجّہ دیں۔
- آخر میں نئے الفاظ کی وضاحت کریں۔ ڈکشنری سے مدد لے سکتے ہیں۔

Questions Answers

- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔ بچوں کے جوابات تختۂ تحریر پر لکھیں۔
- بچوں کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں اور کئی بچوں سے جوابات پوچھیں۔
- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب اچھی طرح سوچ سمجھ کر دیں اور جلد بازی نہ کریں۔

Oral Communication (Digraphs and Trigraphs):

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے **Digraphs** کا اعادہ کرائیں۔
- اب بتائیں کی جب تین حروف مل کر ایک آواز دیں تو انھیں **Trigraphs** کہا جاتا ہے۔ مثلاً ج (dge), چ (tch)
- طلبہ کو فرق بتائیں کہ **Digraphs** میں دو حروف مل کر ایک آواز دیتے ہیں جب کہ **Trigraphs** میں تین حروف مل کر ایک آواز دیتے ہیں۔

- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- آخر میں درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کو رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

Dialogue

- چند رضاکار طلبہ کو بُلا کر درسی کتاب میں دیا گیا ڈائیلاگ Role play کرائیں۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ وہ جوڑوں کی شکل میں ڈائیلاگ کی مشق کریں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔

Long and Short Vowels

- طلبہ کو گذشتہ سبق میں پڑھائے گئے **Long and Short Vowels** کا اعادہ کرائیں۔
- اب تختہ تحریر پر درج ذیل الفاظ جوڑوں کی شکل میں لکھیں۔

Anagram

act/cat, are/ear, pat/tap, was/saw

- طلبہ کو ان الفاظ کے جوڑوں پر غور کرنے کی دعوت دیں اور پوچھیں کہ ان میں کیا خاص تعلق ہے۔
- جو طلبہ اس خاص تعلق کو دریافت کر لیں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ کو وضاحت کریں کہ الفاظ کے ان جوڑوں میں حروف کی ترتیب بدل کر نیا لفظ بنایا گیا ہے جسے Anagram کہا جاتا ہے۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے طلبہ کو Anagram کا تصور مزید واضح کریں۔
- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

Substitution Words

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے **Substitution Words** کا اعادہ کرائیں۔
- جماعت میں موجود افراد کی طرف ہاتھ کے اشارے سے درج ذیل جملے بار بار بولیں۔

- I am a teacher. You are students. She is a girl. He is a boy. We are Muslims.
- It is our school.

- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے **Substitution Words** کے تصور کی مزید وضاحت کریں۔

Writing

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے **Counting** کا اعادہ کرائیں۔
- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- الفاظ لکھ کر طلبہ سے **Digraphs and Trigraphs** کی شناخت کروائیں۔
- طلبہ کی طرف ہاتھ کے شارات سے **Substitution Words** کے صحیح استعمال کی جانچ کریں۔

Home Work

- طلبہ سے کہیں کہ پانچ Anagrams کی فہرست تیار کریں۔

Glossary

Words	Meanings	Words	Meanings	Words	Meanings
hide-and-seek	آنکھ مچولی	parents	والدین/ماں باپ	favourite	پسندیدہ
love	پیار کرنا	Grandparents	دادا،دادی/نانا،نانی	turnip	شلجم
pet	پالتو	family	خاندان	healthy	صحت مند
play	کھیلنا	help	مدد کرنا		
animal	جانور	hobby	مشغلہ		

یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کو الفاظ کے معانی نہ بتائیں بلکہ انھیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔

Lesson 3

My Country Pakistan

Lesson 3	My Country-Pakistan

Student Learning Outcomes (SLOs)

After reading this lesson the students will be able to:

- Identify initial and final consonant clusters.
- Recognize specific parts of words including common inflectional endings.
- Recognize and pronounce simple words with one or more syllables.
- Classify, pronounce, and practice long and short vowels and diphthongs as they occur in practice items and sentences in reading lessons and speech.
- Recognize that –ed has three sounds i.e., /d/, /t/ and /id/ as in looked, danced and landed.
- Articulate, recognize and use some formulaic expressions to:

  offer and respond to basic routine greetings

  express and offer a few basic social courtesies
- Use pre-reading strategies to predict some words that might occur in a text by looking at a picture/title.
- Apply while-reading strategies to interact with text to:
  skim through common graphical features such as pictures and tables in texts to increase understanding.
- Identify and recognize the rules for the use of 'a', 'an' and 'the'.
- Identify describing words as adjectives. Use adjectives of quantity, quality, size, shape and colour.
- Use textbook pictures/picture dictionary to aid comprehension and development of vocabulary.
- Write 3-5 simple, meaningful sentences of their own on a given topic with different sentence beginnings.
- Write with reasonable accuracy, some sentences of their own on a given topic.

Theme

Patriotism

Sub-Theme:

My Country

Material Required

Dictionary, Markers, Charts

Teaching Strategies

Pair and Group Work, Silent Reading

Introduction:

- طلبہ کی سابقہ واقفیت جاننے کے لیے درج ذیل سوالات پوچھیں۔

آپ کہاں رہتے ہیں؟ آپ کے گاؤں / شہر / ٹاؤن کا کیانام ہے؟ آپ کا گاؤں / شہر / ٹاؤن کہاں واقع ہے؟

- طلبہ کو بتائیں کہ ہمارے ملک کا نام پاکستان ہے۔ آج ہم اپنے ملک کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔
- درسی کتاب میں دیا گیا سوال پوچھ کر سبق کا آغاز کریں۔

Development (Activities):

- Now explain the text with the help of the students.
- Try to get the meanings of difficult words from the students.
- پہلا پیرا گراف نمونے کے طور پر خود پڑھیں اور چند دوسرے طلبہ سے پڑھوائیں۔
- پڑھائی میں کمزور طلبہ کو زیادہ سے زیادہ پڑھنے کا موقع دیں۔
- اب طلبہ کو سارے سبق کا خاموشی سے مطالعہ کرنے کا کہیں۔
- طلبہ کی تفہیم جانچنے کے لیے دیے گئے سوالات پوچھیں۔

Why did the Muslims struggle hard? Name the capital city of Pakistan? What is Pakistan famous for? Could you name a few big cities of Pakistan?

Oral Communication Skills:

➢ **Sounds of '-ed'**

- گزشتہ جماعت میں پڑھائے گئے Consonant and Vowel sounds کا اعادہ کرائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنے گلے Vocal Chord پر ہاتھ رکھ کر شہد کی مکھی کی آواز نکالیں جیسے zzzzzzzzzzz
- اب انھیں کہیں کہ وہ اپنے گلے Vocal Chord پر ہاتھ رکھ سانپ کے پھنکارنے کی آواز نکالیں جیسے sssssssss
- طلبہ سے پوچھیں کہ دونوں آوازیں نکالتے وقت اُنھوں نے اپنے گلے Vocal Chord میں کیا فرق محسوس کیا۔
- طلبہ کے جوابات سُن کر وضاحت کریں کہ zzzzzzz کی آواز نکالتے وقت ہمارے گلے کی رگیں Vocal Chord حرکت کرتی ہیں جب کہ sssssssss کی آواز نکالتے وقت ایسا نہیں ہوتا۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ باری باری Consonant حروف ادا کریں اور غور کریں کہ کون کون سے Consonant حروف کی ادائیگی کے دوران گلے کی رگیں Vocal Chord حرکت کرتی ہیں اور کب حرکت نہیں کرتی۔

- آخر میں طلبہ کو وضاحت کریں کہ Consonant حروف کو Voiced and Voiceless Sounds میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ جن حروف کی ادائیگی کے دوران گلے کی رگیں Vocal Chord حرکت کرتی ہیں اُنھیں Consonants Voiced اور جن حروف کی ادائی کے دوران گلے کی رگیں Vocal Chord حرکت نہیں کرتیں اُنھیں Voiceless Consonants کہا جاتا ہے۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ باری باری درسی کتاب میں دیے گئے الفاظ ادا کریں اور غور کریں کہ کون کون سے الفاظ کی ادائیگی کے دوران گلے کی رگیں Vocal Chord حرکت کرتی ہیں اور کب حرکت نہیں کرتیں۔
- اب درج ذیل اُصول بتائیں کہ اگر کسی لفظ (خاص طور پر Action Word) کے آخر میں Voiced Consonant یا Vowel Sound سُنائی دے تو اسے /d/ پڑھا جاتا ہے اور اس کے اُلٹ اگر کسی لفظ (خاص طور پر Action Word) کے آخر میں Voiceless Consonant آتا ہے تو اسے /t/ پڑھا جاتا ہے۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔

➢ **Consonant Clusters**

- طلبہ کو Digraphs اور Consonant Clusters کے درمیان فرق سمجھائیں کہ دو حروف مل کر ایک آواز دیں تو اسے Digraph کہتے ہیں جیسے sh/ch/th/ph اور جب دو حروف مل کر دو آوازیں ہی دیں لیکن وہ اتنی جلدی سے ادا کی جائیں کہ ایک سُنائی دے تو اُسے Consonant Clusters کہا جاتا ہے۔ جیسے sp/cl/tr/cr/bl
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔

➢ **Syllable Division**

- طلبہ کو بتائیں کہ Syllable کسی لفظ میں موجود مختصر ترین آواز کو کہا جاتا ہے۔ یعنی الفاظ کو Syllables میں توڑا جا سکتا ہے۔ جیسے ap-ple
- مزید بتائیں کہ عموماً کسی لفظ میں موجود Vowels Sounds کی مدد سے اس لفظ کو Syllables میں توڑا جا سکتا ہے۔ جیسے
coun-try, Pak-is-tan, fer-tile

- الفاظ کو دو، تین، چار syllables میں توڑا جاسکتا ہے البتہ کچھ الفاظ کو syllables میں تقسیم نہیں کیا جاسکتا کیوں کہ اُن میں ایک ہی syllable ہوتا ہے۔ جیسے ant, cat, cake, bike, tube, door
- تالی بجا کر اور درسی کتاب میں دیے گئے چارٹ کی مدد سے Syllable Division سکھانے کی کوشش کریں۔

Describing Words

- گزشتہ جماعت میں پڑھائے گئے Describing Words کا اعادہ کرائیں۔
- طلبہ سے کہیں آج سبق کا آغاز ایک کھیل 'بوجھو تو جانیں' سے کرتے ہیں۔
- ٹیچر کاغذ کے ٹکڑوں پر جماعت کے تمام طلبہ کے نام لکھ کر ایک ٹوکری میں رکھے۔
- اب ایک رضاکار طالب علم کو بُلا کر کہیں کہ وہ ان میں سے ایک نام اُٹھالے۔
- اب وہ رضاکار طالب علم نام لیے بغیر اس لڑکے / لڑکی کے بارے جماعت کو درج ذیل قسم کی معلومات دے اور بقیہ طلبہ اس طالب علم کا نام بوجھنے کی کوشش کریں۔

He/She is tall/short. He/She has black/golden hair. He/She has blue/grey/black eyes. He/She is naughty/obedient. He/She is puntual/casual.

- ٹیچر ان معلومات میں سے Describing Words تختہ تحریر پر نوٹ کرتے جائیں۔
- اب طلبہ کو وضاحت کریں کہ گئے Describing Words(Adjectives) کو تین گروہوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔
- تختہ تحریر پر نوٹ کیے ہوئے Describing Words کو تین کالموں میں لکھ کر Kinds of Adjectives کی وضاحت کریں۔
  درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔

Use of a, an, the

- گزشتہ جماعت میں پڑھائے گئے a/ an کا اعادہ کرائیں۔
- تختہ تحریر پر درج ذیل دو جملے لکھیں۔

1. Give me a pen. 2. Give me the pen.

- طلبہ کو دونوں جملوں کے مفہوم میں فرق جاننے کی دعوت دیں۔
- تمام جوابات کی حوصلہ افزائی کریں اور زیادہ سے زیادہ طلبہ کو موقع فراہم کریں۔
- آخر میں وضاحت کریں کہ پہلے جملے میں a pen کوئی بھی قلم ہے جب کہ دوسرے جملے میں the pen سے مُراد خاص قلم ہے۔ جیسے نیلا قلم، نیا قلم، پرانا قلم وغیرہ۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اس مثال سے معلوم ہوا کہ a/an عام اشیاء کے ناموں سے پہلے لگایا جاتا ہے لیکن کسی عام شے کے نام سے پہلے the لگانے سے وہ شے خاص بن جاتی ہیں۔ جسے the chair سے مُراد خاص کرسی ہے۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔

Road Signs

- طلبہ کو ٹریفک اشارات کا چارٹ دکھا کر مختلف اشارات کا مطلب سمجھائیں۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- تختہ تحریر پر چند سادہ جملے لکھیں۔ مثلاً

I teach you English. I love my students.

- طلبہ کو بتائیں کہ جملے بنانے کے لیے Action Words کا استعمال لازمی ہے۔
- مزید وضاحت کریں کہ Substitution Words کو Action Words سے پہلے لگا کر سادہ جملہ بنایا جاتا ہے۔
- طلبہ کو کہیں کہ درسی کتاب میں دیے گئے Action Words سے پہلے Substitution Words کا اضافہ کر کے جملے بنائیں ۔

Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات اور **MCQs** پوچھیں۔
- الفاظ لکھ کر طلبہ سے **Syllables** کی تقسیم کروائیں۔
- Fill in the blanks کے ذریعے 'a, an' or 'the' کا استعمال کرائیں۔

Home Work

- طلبہ سے کہیں کہ Describing/Substitution Words کا استعمال کر کے اپنے والد/والدہ/دادا/دادی کے بارے میں چند جملے لکھیں۔

Glossary

Words	Meanings	Words	Meanings	Words	Meanings
struggle	کوشش کرنا	emerge	اُبھرنا/ظاہر ہونا	verdant	سرسبز
hard	محنت/مشکل	province	صوبہ	diverse	مختلف/الگ الگ قسم کا
separate	الگ	fertile	زرخیز	modern	جدید
homeland	وطن	vast	وسیع	culture	ثقافت
capital	دارالحکومت	national	قومی	brave	بہادر
Hard working	محنتی	tradition	رواج	desert	صحرا

یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کو الفاظ کے معانی نہ بتائیں بلکہ انہیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔

Lesson 4

Eid-ul-Fitr

Lesson 4	Eid-ul-Fitr

Student Learning Outcomes (SLOs)

After reading this lesson, the students will be able to:

- Use pre-reading strategies to predict some words that might occur in a text by looking at a picture/title.
- Apply while-reading strategies to interact with text to:
  skim through common graphical features such as pictures and tables in texts to increase understanding.
- Demonstrate common conventions and dynamics of oral interactions in group to:
  express joy while playing.
- Pronounce long and short vowel sounds in pair of words e.g. /a/ as in 'bat',/ai/as in rain, /e/ as in 'bed' and /ee/ as in 'feet'.
- Comprehend and response to simple wh-questions.
- Recognize and use words similar and opposite in meaning.
- Write with reasonable accuracy, some sentences of their own on a given topic.
- Identify punctuation marks in sentence (e.g., Capitalization, comma, full stop, question mark, etc.)
- Write guided short informal invitations to friends and family members to demonstrate the use of the following conventions:
  Purpose, Date and time, Venue, Name of addressee and sender.

Theme:

Festivals

Sub-Theme:

Religious Festival

Material Required

Textbook, Charts and Markers

Teaching Strategies

Group and Pair Work, Role play　　گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

Introduction:

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں جس نے ہمیں اچھی صحت اور ڈھیر ساری نعمتوں سے نوازا۔
- سبق کی تیاری کے لئے چند آسان Pre -reading کے سوالات پوچھیں۔ مثلاً Where does your uncle/aunt/granny/grandpa live? When do you visit him/her? Do you like celebrating special days? What is your favourite special day (festival)?
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم ایک خاص festival کے بارے میں پڑھیں گے۔

	Development (Activities):

- باآواز بلند نمونے کی پڑھائی کریں۔ رفتار درمیانی رکھیں۔ تلفظ اور لہجے کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے متن غور سے سُنیں اور عید الفطر کے دن کو اپنے تصور میں لانے کی کوشش کریں۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ جوڑوں کی شکل میں عید الفطر کے دن کی مصروفیات پر بات چیت کریں۔
- چند طلبہ کو دعوت دیں کہ وہ عید الفطر کے دن اپنی مصروفیات کے بارے میں جماعت کو بتائیں۔
- دوران سبق مختصر تفہیمی سوالات بھی پوچھتے جائیں۔ مثلاً Who celebrate Eid-ul-Fitar?

Could you name any other festival? Why is there huge rush in the markets on *Chand Raat*?

- چند رضاکار طلبہ کو متن دُہرانے کا کہیں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔ پڑھائی میں کمزور طلبہ پر خصوصی توجّہ دیں۔
- آخر میں نئے الفاظ کی وضاحت کریں۔ ڈکشنری سے مدد لے سکتے ہیں۔

Questions Answers

- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔
- طلبہ کو پورا موقع دیں اور جوابات حاصل کرنے میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔
- غلط جواب دینے والے طلبہ کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں بلکہ کئی طلبہ سے پوچھ کر آخر میں صحیح جواب confirm کریں۔
- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب اچھی طرح سوچ سمجھ کر دیں۔

Oral Communication (Dialogue)

- دو رضاکار طلبہ کو بُلا کر درسی کتاب میں دیا گیا ڈائیلاگ Roleplay کرائیں۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ وہ جوڑوں کی شکل میں ڈائیلاگ کی مشق کریں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔

Long and Short Vowel

- گزشتہ اسباق میں دیے گئے طریقہ کار کے مطابق Long and Short Vowel کی مشق کرائیں۔

- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- آخر میں درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کو رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

Question words

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے **Question Words** کا اعادہ کرائیں۔
- اب طلبہ سے چند سادہ سوالات پوچھیں۔ جیسے What is in my hand? Where is the table? How are you?

  When do you go to bed at night? Why are you happy/sad/silent today?
- طلبہ کے جوابات تختہ تحریر پر نوٹ کرتے جائیں۔
- اب طلبہ کے جوابات کو دہراتے ہوئے وضاحت کریں کہ کسی بھی سوال کا جواب جاننے کے لیے مختلف **Question Words** استعمال کیے جاتے ہیں۔ یعنی مطلوبہ جواب کی مناسبت سے **Question Words** کا انتخاب کیا جاتا ہے۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے طلبہ کو **Question Words** کا تصور مزید واضح کریں۔
- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

➢ **Words Opposite**

- طلبہ سے کہیں چلیں ایک کھیل کھیلتے ہیں۔ اس کھیل کا اصول یہ ہے کہ آپ کو جو بھی کام (ہدایت) کرنے کو کہا جائے آپ نے اس کے اُلٹ عمل کرنا ہے۔ یعنی اگر میں (ٹیچر) Sit down کہوں تو آپ لوگوں نے Stand up ہونا ہے۔
- اب ٹیچر طلبہ کو دائرے میں کھڑا کر کے مختلف ہدایات دے مثلاً Open your eyes. Shut your mouth.

  Look down. Come forward. Raise your hands. Stop laughing. Turn right.
- جو طلبہ ہدایات کے مطابق عمل کریں وہ مقابلے سے آؤٹ تصور ہوں گے۔
- ہدایات دینا جاری رکھیں حتیٰ کہ آخری طالب علم رہ جائے۔ جیتنے والے طالب علم کی تالیاں بجا کر حوصلہ افزائی کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے طلبہ کو **Words Opposite** کا تصور واضح کریں۔
- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

➢ **Synonyms**

- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے طلبہ کو ہم معنی الفاظ کا تصور واضح کریں۔

- ٹیچر لُغت میں سے چند الفاظ کے ہم معنی الفاظ تلاش کرنے کا عملی مظاہرہ کرے۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ جوڑوں کی شکل میں عید الفطر کا متن دوبارہ پڑھیں اور درج ذیل الفاظ کے ہم معنی الفاظ لُغت میں ڈھونڈنے کی کوشش کریں۔ marking, huge, rush, sight, holy
- سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

Writing

- طلبہ کو گذشتہ اسباق میں پڑھائے گئے **Describing/Action / Substitution Words** کا اعادہ کرائیں۔
- کسی رضاکار طالب علم کو جماعت کے سامنے آنے کا کہیں۔
- اب طلبہ کو دعوت دیں کہ وہ **Describing/Action / Substitution Words** کا استعمال کرتے ہوئے اس طالب علم کے بارے چند جملے بولیں۔ مثلاً His/Her name is Ahmad/Sara. He/She is my friend.
He/She is an intelligent boy/girl. He/She likes playing football/badminton.
- درسی کتاب میں دی گئی لکھائی کی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- الفاظ لکھ کر طلبہ سے **Words Opposite/ Synonym** کی تلاش کروائیں۔

Home Work

- طلبہ سے کہیں کہ درسی کتاب میں دیا گیا Question Words کا چارٹ تیار کر کے لائیں۔

Glossary

Words	Meanings	Words	Meanings	Words	Meanings
religious	مذہبی	celebrate	کوئی تقریب / تہوار منانا	poor	غریب
festival	تہوار / مذہبی تقریب منانے کا دن	sight	دیکھنا / نظر آنا	needy	ضرورت مند

end	اختتام	huge	بڑا	relatives	رشتہ دار
holy	مقدس	rush	ہجوم	symbol	علامت
fasting	روزہ رکھنا	buy	خریدنا	fervour	گرم جوشی

یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کو الفاظ کے معانی نہ بتائیں بلکہ انھیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔

Lesson 5

Road Safety

Lesson 5

Road Safety

Student Learning Outcomes (SLOs)

After reading this lesson, the students will be able to:

- Recognize and pronounce simple words with one or more syllable.
- Demonstrate common conventions and dynamics of oral interactions in group to introduce themselves and others.
- Demonstrate common conventions and dynamics of oral interactions in group to:

  recite poem

  participate in conversation

  take turns

- Use pre-reading strategies to predict some words that might occur in a text by looking at a picture/title.
- Recite poems with actions.
- Make simple sentences by using SV (subject and verb) and SVO (subject, verb, object) pattern.
- Recognize the function of joining words.
- Use joining words *and, or*, and *but* to show addition, alternative and contrast within a sentence. Use *because* to express reason.
- Recognize and classify into different categories of, and use more naming, action and describing words, from pictures, signboards, labels, directions (beyond, behind, upward, downward, backward, forward, etc.) in their immediate and extended environment.
- Write a simple guided poem using a list of given rhyming words.

Theme:

Participatory Citizenship

Sub-Theme:

Road Safety

Material Required

Textbook , Charts and Markers

Teaching Strategies

Group and Pair Work, TPR, Role play، Drill and Practice　　گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

Introduction:

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں جس نے ہمیں دیکھنے کو آنکھیں، سُننے کو کان اور چلنے پھرنے کے لیے پاؤں دیے۔
- سبق کی تیاری کے لئے چند آسان Pre-reading کے سوالات پوچھیں۔ مثلاً

- What do we do with our eyes?

  What do we do with our ears? What do we do with our feet?
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم سڑک پار کرنے کے بارے میں نظم پڑھیں گے۔

Development (Activities):

- با آواز بلند نظم کو گُنگنائیں۔ سُر اور تال کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نظم کو غور سے سُنیں اور ہم قافیہ الفاظ یاد رکھنے کی کوشش کریں۔
- ٹیچر نظم کے اشعار کئی بار دہرائے تاکہ طلبہ سُر اور تال سے لطف اندوز ہو سکیں۔
- جسمانی حرکات و سکنات کے ذریعے اشعار کا مفہوم سمجھانے کی کوشش کریں۔
- آخر میں مختصر تفہیمی سوالات پوچھیں۔۔

مثلاً :

While crossing the road, should we make hurry?

Where from should we cross the road?

- کسی رضاکار طالب علم کو نظم سُنانے کی دعوت دیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ رضاکار طالب علم کے پیچھے نظم کے اشعار دُہراتے جائیں۔
- آخر میں سب طلبہ نظم کو آواز ملا کر اکٹھے (Chorus) گُنگنائیں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔
- آخر میں طلبہ سے نظم کا مرکزی خیال اخذ کرانے کو شش کریں۔

Questions Answers

- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔
- طلبہ کو پورا موقع دیں اور جوابات حاصل کرنے میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔
- غلط جواب دینے والے طلبہ کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں بلکہ کئی طلبہ سے پوچھ کر آخر میں صحیح جواب confirm کریں۔
- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب اچھی طرح سوچ سمجھ کر دیں۔

Oral Communication (Dialogue)

- دورِ ضا کار طلبہ کو بُلا کر درسی کتاب میں دیا گیا ڈائیلاگ Roleplay کرائیں۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ وہ جوڑوں کی شکل میں ڈائیلاگ کی مشق کریں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔

Long and Short Vowel

- گزشتہ اسباق میں دیے گئے طریقہ کار کے مطابق Long and Short Vowel کی مشق کرائیں۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- آخر میں درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کو رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

Subject verb agreement

- طلبہ کو گزشتہ جماعت میں پڑھائے گئے **Action/Naming /Substitution Words** کا اعادہ کرائیں۔
- تختہ تحریر پر درج ذیل ٹیبل بنائیں۔

Substitution Words (Subject)	Verbs	Naming Words
I	am	a teacher.
You		students.
We	are	human beings.
They		happy/sad.
It	is	a chair.
He		a boy.
She		a girl.

- اب طلبہ سے کہیں کہ ہر کالم میں سے ایک ایک لفظ چُن کر جملہ بنائیں۔ مثلاً ٹیچر اپنی یا طلبہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہے۔

I am a teacher. You are students

- طلبہ کو پورا موقع دیں اور جوابات حاصل کرنے میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔
- اس مشق کو بار بار دُہرائیں حتیٰ کہ طلبہ صحیح جملے بولنے کے عادی ہو جائیں۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے طلبہ کو Subject Verb Agreement کے تصور کی مزید وضاحت کریں۔

- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

Conjunction

- طلبہ کو کتاب کا پھٹا ہوا ورق دکھا کر پوچھیں اس کو کس طرح جوڑا جا سکتا ہے۔
- طلبہ کے جوابات تختہ تحریر پر نوٹ کرتے جائیں۔(اکثر طلبہ گلیو، ایلفی، سلوشن ٹیپ وغیرہ کا بتائیں گے۔)
- اب ٹیچر پھٹے ہوئے ورق کو دستیاب مواد سے جوڑے اور طلبہ کو بتائے کہ انگلش میں دو الفاظ یا جملوں کو جوڑنے کے لیے جو لفظ استعمال کیا جاتا ہے اسے Conjunction کہتے ہیں۔ مثلاً .Two and two make four

اس جملے میں and بہ طور Conjunction استعمال ہوا ہے۔

- طلبہ سے پوچھیں کیا آپ چند Conjunctions بتا سکتے ہیں۔
- طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ اور ان کے بتائے ہوئے الفاظ کو سادہ جملوں میں استعمال کر کے واضح کریں کہ آیا وہ لفظ Conjunction ہے یا نہیں۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے طلبہ کو Conjunction کا تصور مزید واضح کریں۔
- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

Writing

- طلبہ کو گذشتہ اسباق میں پڑھائے گئے **Rhyming Words** کا اعادہ کرائیں۔
- درسی کتاب میں نظم کی لکھائی کے لیے دیے گئے **Rhyming Words** کو ایک صفحے پر ایک ایک لائن کے بالکل آخری کونے میں لکھیں۔ جیسے

-- tree
-- me
-- away
-- day

- اب طلبہ سے کہیں ان الفاظ کے ساتھ چند الفاظ کا اضافہ کر کے شعر مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی لکھائی کی سرگرمی کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- الفاظ لکھ کر طلبہ سے **Conjunctions** کی شناخت کروائیں۔
- ٹریفک اشارات کے مفہوم اخذ کرائیں۔

Home Work

- طلبہ سے کہیں کہ درسی کتاب میں دیا گیا ٹریفک اشارات کا چارٹ تیار کر کے لائیں۔

Glossary

Words	Meanings	Words	Meanings	Words	Meanings
street	گلی / سڑک	listen	غور سے سننا	wide	وسیع / کشادہ
near	قریب	wait	انتظار کرنا	safe	محفوظ

یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کو الفاظ کے معانی نہ بتائیں بلکہ انھیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔

Lesson 6

Morning Time

Lesson 6

Morning Time

Student Learning Outcomes (SLOs)

After reading this lesson, the students will be able to:

- Pronounce long and short vowel sounds in pair of words e.g., /a/ as in 'bat', /ai/as in rain, /e/ as in 'bed' and /ee/ as in 'feet'.
- Demonstrate common conventions and dynamics of oral interactions in group to: participate in conversation, take turns
- Demonstrate common conventions and dynamics of oral interactions in group to:

  express likes and dislikes
- Use pre-reading strategies to:

  Predict some words that might occur in a text by looking at a picture/title.
- Apply while-reading strategies to interact with text to: skim through common graphical features such as pictures and tables in texts to increase understanding.
- Recognize and classify into different categories of, and use more naming, action and describing words, from pictures, signboards, labels, directions (beyond, behind, upward, downward, backward, forward, etc.) in their immediate and extended environment.
- Demonstrate the use of verb *can /cannot* to show ability and inability. Identify and use *may/may not* for seeking or giving permission and prohibition.
- Recognize, identify and use a few words showing position e.g., *to/from, up/down, here/there* (preposition of location), a few words showing position e.g., *in, on, to, with*
- Recognize and use words similar and opposite in meaning.
- Write simple descriptive and narrative paragraphs

Theme:

Life Skills

Sub-Theme:

Good habits

Material Required

Textbook, Charts and Markers

Teaching Strategies

Group and Pair Work, Presentations, Role play گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

Introduction:

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ان سے موسم و صحت کا حال دریافت کریں اور نئے دن کی شروعات پر خوش آمدید کہیں۔
- اب سبق کی تیاری کے لئے چند Pre-reading کے سوالات پوچھیں۔ مثلاً

When do you wake up in the morning?

What do you do after offering the prayers?

When do you brush your teeth/wash yourself?

- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم "سارا کی صبح کے معمولات" کے بارے میں پڑھیں گے۔

Development (Activities):

- با آوازِ بلند نمونے کی پڑھائی کریں۔ رفتار درمیانی رکھیں۔ تلفظ اور لہجے کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ متن کو غور سے سُنیں اور پڑھے جانے والے متن پر اُنگلی پھیرتے جائیں۔
- ٹیچر اگر ضرورت محسوس کرے تو متن کو کئی بار دُہرائے۔
- دورانِ سبق مختصر تفہیمی سوالات بھی پوچھتے جائیں۔ مثلاً

Who wakes up Sara?

How many pets sara has?

- اب طلبہ کے گروپ بنائیں اور ہر گروپ میں ایک ایسا گروپ لیڈر مقرر کریں جو پڑھائی میں قدرے بہتر ہو۔
- ہر گروپ لیڈر اپنے گروپ میں دیے گئے متن کے نمونے کی پڑھائی کرے۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہنمائی اور مدد کرے۔
- چونکہ اکثر بچے کمزور ہوتے ہیں اس لیے ہر بچے کو گروپوں میں پڑھائی کا موقع دیں۔
- آخر میں مشکل الفاظ کی وضاحت کریں۔ ڈکشنری سے مدد لے سکتے ہیں۔

Questions Answers

- طلبہ اپنے گروپوں میں کام کرتے رہیں۔
- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔ بچوں کے جوابات تختۂ تحریر پر لکھیں۔

- بچوں کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں اور کئی بچوں سے جوابات پوچھیں۔
- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب متن میں براہِ راست نہیں مل سکتا بلکہ متن پر غور کرنے سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

Oral Communication

- طلبہ کو کہیں کہ جوڑوں کی شکل میں اپنی صبح کے معمول کے بارے میں بات چیت کریں۔
- وہ درسی کتاب کا استعمال کر سکتے ہیں۔ وہ اظہار کے تاثرات کے ساتھ جوڑوں میں بولنے کی مشق کریں گے۔ ٹیچر طلبہ کے
- اب طلبہ سے جوڑوں کی شکل میں درسی کتاب میں دیے گئے مکالمے کی سر گرمی کرائیں۔
- اگر طلبہ کو کوئی مشکل محسوس ہو تو ٹیچر خود تاثرات کے ساتھ مکالمے کی presentation دے۔
- درسی کتاب میں دیے گئے ڈائیلاگ کی جماعت میں عملی مشق Roleplay کرائیں۔

Direction words

- ٹیچر درج ذیل کہانی سنائے اور طلبہ سے کہیں کہ وہ کہانی سنتے وقت ایسے الفاظ نوٹ کرتے جائیں جو کسی direction / position کو ظاہر کرتے ہوں۔ جیسے on, under, near, up, below, above beside, towards

One hot day of summer, an ant was searching for some water. After walking **around** for some time, she came **near** the river. To drink the water, she climbed **up** on a small rock. While trying to drink the water, she slipped and fell **into** the river.

There was a dove sitting **on** the branch of a tree who saw an ant falling **into** the river. The dove quickly plucked a leaf and dropped it **into** the river **near** the struggling ant. The ant moved **towards** the leaf and climbed **up** **onto** it. Soon, the leaf drifted to dry ground, and the ant jumped **out**. She looked **up** to the tree and thanked the dove.

Later, the same day, a bird catcher **nearby** was about to throw his net **over** the dove hoping to trap it. The ant saw him and guessed what he was about to do. The dove was resting and had no idea about the bird catcher. The ant quickly bit him **on** the foot. Feeling the pain, the bird catcher dropped his net and let out a light scream. The dove noticed it and quickly flew **away**.

Moral: If you do good, good will come to you.

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے **Naming Words** کا اعادہ کرائیں۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے طلبہ کو واضح کریں کہ Direction Words ہمیں کسی Naming Word کی پوزیشن اور سمت کے بارے میں بتاتے ہیں۔

- اسی طرح درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے Direction Words کی وضاحت کریں۔
- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

Can/Cannot

- طلبہ کو ایک دائرے میں کھڑا کر کے درج ذیل ہدایات پر عمل کرنے کو کہیں۔

Raise your hands. Open your mouth. Touch your ear with your right hand. Close your eyes. Touch your nose with your tongue.

- طلبہ آخری ہدایت پر عمل نہیں کر پائیں گے اور ایک دوسرے کی طرف دیکھیں گے۔
- ٹیچر اب وضاحت کرے گا کہ بعض دفعہ ہم کوئی کام کرنے کے قابل نہیں ہوتے اور اس کا اظہار انگلش لفظ cannot سے کرتے ہیں اور جو کام بآسانی کر سکتے ہیں اس کے لیے can کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔
- اسی طرح درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے can/ cannot کی وضاحت کریں۔
- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

Writing

- طلبہ سے پوچھیں کیا آپ نے کسی پہاڑی مقام کی سیر کی ہے؟
- چند طلبہ کو جماعت کے سامنے بُلا کر اس حوالے سے بات کرنے کا کہیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ جوڑوں میں پہاڑی مقام کی سیر پر بات چیت کریں اور اہم نکات نوٹ کریں۔
- اب درسی کتاب میں دی گئی لکھائی کی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- جملے لکھ کر طلبہ سے Direction Words , Can/ Cannot کا استعمال کروائیں۔

Home Work

- طلبہ سے کہیں کہ Direction Words , Can/ Cannot کا استعمال کرکے پانچ جملے لکھ کر لائیں۔

Glossary

Words	Meanings	Words	Meanings	Words	Meanings
wake up	جگانا	breakfast	ناشتہ	ready	تیار
bath	غسل	thank	شکر ادا کرنا	bag	بستہ
comb	کنگھی کرنا	cook	پکانا	blessing	رحمت/کرم
feed	کھانا کھلانا	smell	خوشبو		
wash	دھونا	wear	پہننا		

یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کو الفاظ کے معانی نہ بتائیں بلکہ انھیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔

Lesson 7
Sports

Lesson 7	Sports

Student Learning Outcomes (SLOs)

After reading this lesson, the students will be able to:

- Use appropriate expressions in conversation to articulate, recognize and use some formulaic expressions to:

  express opinions in simple sentences.

- Change the number of irregular nouns
- Make simple sentences by using SV (subject and verb) and SVO (subject, verb, object) pattern.
- Use alphabetical order (first and second alphabet) to arrange words.
- Identify and classify gender of naming words from immediate environment (masculine, feminine)
- Use pre-reading strategies to predict some words that might occur in a text by looking at a picture/title.
- Apply while-reading strategies to interact with text to:

  skim through common graphical features such as pictures and tables in texts to increase understanding.

- Write with reasonable accuracy, some sentences of their own on a given topic.
- Write a few sentences to describe a picture and a series of pictures.
- Use appropriate vocabulary and tense to write a simple guided paragraph by:

  writing an expository paragraph explaining a process or procedure

- Write simple two/three syllable words with correct spelling. Leave spaces between them.
- Write guided short informal invitations to friends and family members to demonstrate the use of the following conventions:

  Purpose

  Date and time

  Venue

  Name of addressee and sender.

Theme:

Sports

Sub-Theme:

Game Viewing, Local Sports

Material Required

Textbook, Charts and Markers

Teaching Strategies

Group and Pair Work, Presentations, Role play

گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

Introduction:

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ان سے موسم وصحت کا حال دریافت کریں اورنئے دن کی شروعات پر خوش آمدید کہیں۔
- اب سبق کی تیاری کے لئے چند Pre -reading کے سوالات پوچھیں۔مثلاً

Do you have any hobby?

What is your favourite sports?

What do you know about indoor and outdoor games?

- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم "کھیلوں" کے بارے میں پڑھیں گے۔

Development (Activities)

- باآوازِ بلند نمونے کی پڑھائی کریں۔رفتار درمیانی رکھیں۔تلفظ اور لہجے کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ متن کو غور سے سُنیں اور پڑھے جانے والے متن پر اُنگلی پھیرتے جائیں۔
- ٹیچر اگر ضرورت محسوس کرے تو متن کو کئی بار دُہرائے۔
- دورانِ سبق مختصر تفہیمی سوالات بھی پوچھتے جائیں۔مثلاً

What is the name of Saad's village?

What sports are played in Jash-e-Gulmera?

- اب طلبہ کے گروپ بنائیں اور ہر گروپ میں ایک ایسا گروپ لیڈر مقرر کریں جو پڑھائی میں قدرے بہتر ہو۔
- ہر گروپ لیڈر اپنے گروپ میں دیے گئے متن کے نمونے کی پڑھائی کرے۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔
- چونکہ اکثر بچے کمزور ہوتے ہیں اس لیے ہر بچے کو گروپوں میں پڑھائی کا موقع دیں۔

آخر میں مشکل الفاظ کی وضاحت کریں۔ڈکشنری سے مدد لے سکتے ہیں۔

Questions Answers

- طلبہ اپنے گروپوں میں کام کرتے رہیں۔
- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔بچوں کے جوابات تختہ تحریر پر لکھیں۔
- بچوں کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں اور کئی بچوں سے جوابات پوچھیں۔

- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب متن میں براہ راست نہیں مل سکتا۔ بلکہ متن پر غور کرنے سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

Correct Spelling

- ٹیچر تختہ تحریر پر چند الفاظ غلط spelling کے ساتھ لکھے۔ مثلاً cate, dag, dor, rate, wip, beeg, tri,
- طلبہ سے کہیں کہ ان الفاظ کو Long and Short Vowel Sound کا خیال رکھتے ہوئے پڑھنے کی کوشش کریں۔
- اکثر طلبہ غلط spelling والے الفاظ پڑھنے میں دُشواری محسوس کریں گے۔
- اب طلبہ سے دیے گئے الفاظ میں spelling کی غلطیوں کی نشان دہی کرنے کو کہیں۔
- آخر میں ٹیچر طلبہ سے غلط spelling والے الفاظ کو درست تلفّظ سے ادا کرتے ہوئے spelling صحیح کرائے۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے spelling mistakes کی وضاحت کریں۔
- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

Alphabetical Order

- طلبہ کو ایک دائرے میں کھڑا کرکے درج ذیل ہدایات پر عمل کرنے کو کہیں۔
- جن طلبہ کے نام انگلش حرف 'A' سے شروع ہوتے ہیں وہ پہلی قطار میں کھڑے ہو جائیں۔ مثلاً Ahmad, Akram, Ahsan, Ayesha, Aneela
- جن طلبہ کے نام انگلش حرف 'B' سے شروع ہوتے ہیں وہ دوسری قطار میں کھڑے ہو جائیں۔ مثلاً Babar, Bano, Bashir
- جن طلبہ کے نام انگلش حرف 'C' سے شروع ہوتے ہیں وہ تیسری قطار میں کھڑے ہو جائیں۔ (اگر کسی طالب علم کا نام حرف 'C' سے شروع نہیں ہوتا تو قطار خالی چھوڑ دیں۔
- اس طرح قطار بناتے جائیں حتیٰ کہ تمام طلبہ کے نام شامل ہو جائیں۔
- اب طلبہ کو وضاحت کریں کہ انگلش حروف تہجی کی بنیاد پر مختلف اشیاء کو ترتیب دیا جا سکتا ہے تاکہ پہچان میں آسانی ہو۔ مثلاً لُغت میں ہزاروں الفاظ میں سے کوئی لفظ تلاش کرنے کے لیے حروف تہجی کی ترتیب سے مدد لی جاتی ہے۔
- ٹیچر لُغت کا استعمال کرکے عملی مظاہرہ کرے۔

- اب لُغت کی مدد سے درسی کتاب میں دیے گئے الفاظ ڈھونڈنے میں طلبہ کی مدد ورہنمائی کریں۔

Use of is/are/am

- ٹیچر سبق نمبر 5 میں دیے گئے ٹیبل کی مدد سے am/are/is کے استعمال کا اعادہ و مشق کرائے۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے am/are/is کی وضاحت کریں۔
- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

Simple Sentence

- ٹیچر گذشتہ اسباق میں دیے گئے Naming/Action/Substitution Words کے استعمال کا اعادہ و مشق کرائے۔
- تختہ تحریر پر درج ذیل ٹیبل بنائیں۔

Naming / Substitution Words (Subject)	Action Words (Verb)	Naming Words (Object)
You	plays	football
Cat	bark	milk
He	play	tea
I	eat	home
We	drink	mangoes
She	goes	apples
Sara	takes	cricket

- طلبہ کے تین گروپ بنائیں ہر گروپ ٹیبل میں دیے گئے کالم سے ایک ایک لفظ Naming/Action/Substitution words بولے گا۔
- ٹیچر ان الفاظ کو تختہ تحریر پر نوٹ کرکے طلبہ کی مدد سے ترتیب دے کر سادہ جملہ بنائے گا۔
- ٹیچر ہر جملہ بناتے وقت الفاظ کی ترتیب کی وضاحت و مشق کرائے۔
- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

Writing

- طلبہ سے پوچھیں کیا آپ نے کبھی اپنے جوتے پالش کیے ہیں؟
- طلبہ سے کہیں کہ جوڑوں میں جوتے پالش کرنے کے طریقہ بارے بات چیت کریں اور اہم نکات نوٹ کریں۔
- اب درسی کتاب میں دی گئی لکھائی کی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- جملے لکھ کر طلبہ سے masculine/feminine , countable/uncountable noun کی شناخت واستعمال کروائیں۔

Home Work

- طلبہ سے کہیں کہ پانچ سادہ جملے لکھ کر لائیں۔

Glossary

Words	Meanings	Words	Meanings	Words	Meanings
harvest	فصل کٹائی	attraction	کشش	tired	تھکا ہوا
neighbour	پڑوسی	tug of war	رسہ کشی	usually	عام طور پر
popular	مشہور	snacks	ہلکی پھلکی غذا	important	اہم
health	صحت	sack race	بوری دوڑ		
clap	تالی بجانا	enjoy	لطف اندوز ہونا		

یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کو الفاظ کے معانی نہ بتائیں بلکہ انھیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔

Lesson 8
Natural Resources



Lesson 8

Natural Resources

Student Learning Outcomes (SLOs)

After reading this lesson, the students will be able to:

- Differentiate between words ending with /s/, /z/ and /iz/.
- Demonstrate common conventions and dynamics of oral interactions in group to:

  participate in conversation

  take turns

- Recognize and articulate hard and soft sounds of the letters c and g.
- Use pre-reading strategies to:

  Predict some words that might occur in a text by looking at a picture/title.
- Apply while-reading strategies to interact with text to:
  skim through common graphical features such as pictures and tables in texts to increase understanding.

- Respond to the text (post-reading) to:

  express understanding of story through pantomime and simple role play.
- Recognize that action takes place in time (present, past or future). Tense indicates time of action.
- Write guided short informal invitations to friends and family members to demonstrate the use of the following conventions:

  Purpose

  Date and time

  Venue

  Name of addressee and sender.

Theme:

Environmental Education

Sub-Theme:

Conservation of Natural Resources

Material Required

Textbook, charts and markers

Teaching Strategies

Group and Pair Work, Roleplay

گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

Introduction:

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں جس نے ہمیں اچھی صحت اور ڈھیر سارے قدرتی وسائل سے نوازا۔
- سبق کی تیاری کے لئے چند آسان Pre -reading کے سوالات پوچھیں۔ مثلاً Do you have water tank in your house? Could you tell where from the water is supplied to your house?
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم Natural Resources کے بارے میں پڑھیں گے۔

Development (Activities):

- با آوازِ بلند نمونے کی پڑھائی کریں۔ رفتار درمیانی رکھیں۔ تلفظ اور لہجے کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ متن غور سے سُنیں اور درسی کتاب میں دی گئی تصاویر اور متن میں تعلق قائم کرنے کی کوشش کریں۔
- دوران سبق مختصر تفہیمی سوالات بھی پوچھتے جائیں۔ مثلاً
- What is the greatest natural source of energy?

How can we save water? wastage? What will happen to us if natural resources are wasted?

- چند رضاکار طلبہ کو متن دُہرانے کا کہیں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔ پڑھائی میں کمزور طلبہ پر خصوصی توجّہ دیں۔
- آخر میں نئے الفاظ کی وضاحت کریں۔ ڈکشنری سے مدد لے سکتے ہیں۔

Questions Answers

- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔
- طلبہ کو پورا موقع دیں اور جوابات حاصل کرنے میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔
- غلط جواب دینے والے طلبہ کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں بلکہ کئی طلبہ سے پوچھ کر آخر میں صحیح جواب confirm کریں۔
- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب اچھی طرح سوچ سمجھ کر دیں۔

/s/ and /z/ sound in plural

- گزشتہ اسباق میں دیے گئے طریقہ کار کے مطابق Voiced and Voiceless Consonant کا اعادہ و مشق کرائیں۔

VOICELESS		VOICED	
/p/	park	/b/	bark
/t/	town	/d/	down
/k/	coat	/g/	goat
/f/	fan	/v/	van
/s/	sip	/z/	zip
"sh"	sure	"zh"	treasure
"ch"	chain	"j"	Jane
"th"	thigh	"th"	thy

- طلبہ کو وضاحت کریں جن plural nouns میں s کے بعد Voiceless Consonant آتا ہے اُنھیں /s/ پڑھا جاتا ہے۔ مثلاً cats, lips, racks,
  اور جن plural nouns میں s کے بعد Voiced Consonant آتا ہے اُنھیں /z/ پڑھا جاتا ہے۔ مثلاً cars (z), frogs (z), tubs (z)
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- آخر میں درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کو رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

Hard and soft sounds of 'c' and 'g'

- ٹیچر تختہ تحریر پر درج ذیل الفاظ لکھ کر طلبہ سے باری باری پڑھوائے۔ ground, cake, ginger, cactus
- جو طلبہ صحیح تلفّظ سے ان الفاظ کو ادا کریں، اُن کی حوصلہ افزائی کریں اور غلط پڑھنے والے طلبہ کی رہنمائی کریں کہ انگلش حروف 'c' اور 'g' دو قسم کی آوازیں دیتے ہیں۔ کبھی اپنے نام کی طرح /s/ اور /j/ کی آواز دیتے ہیں اور کبھی اپنے نام کے اُلٹ /k/ اور /gh/ کی آواز دیتے ہیں۔
- طلبہ کو وضاحت کریں کہ 'c' اور 'g' کے بعد اگر حروف 'y'، 'e'، 'i' آئے تو یہ دونوں حروف اپنے نام کی طرح /s/ اور /j/ کی آواز دیتے ہیں۔ مثلاً cell, centre, giraffe, gypsy
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔

Use of Apostrophe (s')

- کسی رضاکار طالب علم سے قلم / پنسل / کتاب لے کر دوسرے طلبہ کو دکھائیں اور پوچھیں۔ Whose pen/book is this?
- طلبہ کے جوابات تختہ تحریر پر لکھتے جائیں۔ مثلاً This is Hamid/ Sara pen/book.
- اب طلبہ کو وضاحت کریں کہ کسی شے کی ملکیت ظاہر کرنے کے لیے Naming Words کے (s) علامت استعمال کی جاتی ہے۔
  جیسے Hamid's book, Sara's pen, boy's cap, girl's doll.

Tenses

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے **Action Words** کا اعادہ کرائیں۔

- طلبہ سے ان کی روزمرّہ معمولات کے بارے میں سوالات پوچھیں اور تختہ تحریر پر نوٹ کریں۔

مثلاً **When do you get up every day? What do you do after morning prayer? Who makes breakfast for you? Who drives you to school? When do you go to bed?**

- اب طلبہ کو درج ذیل تصویر دکھائیں۔

- طلبہ سے پُوچھیں:
- کون سی تصویر میں لڑکا کھانے کی تیاری کر رہا ہے۔ کون سی تصویر میں لڑکے نے کھانا کھالیا ہے۔ کون سی تصویر میں لڑکا کھانا کھا رہا ہے؟
- طلبہ کو پورا موقع دیں اور جوابات حاصل کرنے میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔
- اب طلبہ کو فرق سمجھائیں کہ ایسے کام جو آپ کر رہے ہوں یا روزانہ کرتے ہیں اُن کے لیے کون سے action words استعمال ہوتے ہیں۔ ایسے کام جن کی آپ تیاری / ارادہ کرتے ہیں اُن کے لیے کون سے action words استعمال ہوتے ہیں۔ اور جو کام آپ مکمل کر چکے ہوں اُن کے لیے کون سے action words استعمال ہوتے ہیں۔
- دی گئی تصویر کی طرف اشارہ کر کے سادہ جملے بولیں۔ مثلاً . He will eat. He eats/is eating. He ate
- اس مشق کو بار بار دُہرائیں حتیٰ کہ طلبہ صحیح جملے بولنے اور لکھنے کے عادی ہو جائیں۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے طلبہ کو Tense کے تصور کی مزید وضاحت کریں۔
- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

Writing

- طلبہ کو گذشتہ اسباق میں پڑھائے گئے **Describing/Action / Substitution Words** کا اعادہ کرائیں۔

- اب طلبہ کو دعوت دیں کہ وہ **Describing/Action / Substitution Words** کا استعمال کرتے ہوئے درسی کتاب میں دی ہوئی تصاویر کے بارے میں چند سادہ جملے بولیں۔
- درسی کتاب میں دی گئی لکھائی کی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- الفاظ لکھ کر طلبہ سے **soft and hard sounds of 'c' and 'g'** کی شناخت کروائیں۔

Home Work

- طلبہ سے کہیں کہ درسی کتاب میں دیا گیا Greeting Card تیار کر کے لائیں۔

Glossary

Words	Meanings	Words	Meanings	Words	Meanings
provide	مہیا کرنا	recklessly	بے پروائی سے	otherwise	ورنہ
resources	وسائل	endanger	خطرے میں ہونا	terrible	خوفناک
imagine	تصور کرنا	population	آبادی	situation	صورتحال
abundance	کثرت	carefully	احتیاط سے	extra	فالتو
available	دستیاب	conserve	محفوظ کرنا	future	مستقبل

یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کو الفاظ کے معانی نہ بتائیں بلکہ انھیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔

Lesson 9
Pretending

Lesson 9

Pretending

Student Learning Outcomes (SLOs)

After reading this lesson, the students will be able to:

- Demonstrate common conventions and dynamics of oral interactions in group to:

  recite poem

  participate in conversation

  take turns

- Use pre-reading strategies to:

  Predict some words that might occur in a text by looking at a picture/title.
- Recite poems with actions.
- Identify paragraph as a larger meaningful unit of expression representing unity of thought.
- Identify and use the structure of Simple Present Tense for habitual actions and for timeless and universal statements.
- Write a few sentences to describe a picture and a series of pictures.
- Write a simple guided poem using a list of given rhyming words.

Theme:

Sports

Sub-Theme:

Local Sports

Material Required

Textbook, charts and markers

Teaching Strategies

Group and Pair Work, TPR, Roleplay،, Drill and Practice گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

Introduction:

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں۔
- سبق کی تیاری کے لئے چند آسان Pre -reading کے سوالات پوچھیں۔ مثلاً What do you do in leisure time?

  Do you like pet animals? What is your favourite pet?
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم نظم پڑھیں گے۔

	Development (Activities):

- با آوازِ بلند نظم کو گُنگنائیں۔ سُر اور تال کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نظم کو غور سے سُنیں اور ہم قافیہ الفاظ یاد رکھنے کی کوشش کریں۔
- ٹیچر نظم کے اشعار کئی بار دہرائے تاکہ طلبہ سُر اور تال سے لطف اندوز ہو سکیں۔
- جسمانی حرکات وسکنات کے ذریعے اشعار کا مفہوم سمجھانے کی کوشش کریں۔
- آخر میں مختصر تفہیمی سوالات پوچھیں۔

مثلاً :

How does the horse move? The poet wants to leap like a ______________

- کسی رضاکار طالب علم کو نظم سُنانے کی دعوت دیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ رضاکار طالب علم کے پیچھے نظم کے اشعار دُہراتے جائیں۔
- آخر میں سب طلبہ نظم کو آواز ملا کر اکٹھے (Chorus) گُنگنائیں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔
- آخر میں طلبہ سے نظم کا مرکزی خیال اخذ کرانے کی کوشش کریں۔

Questions Answers

- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔
- طلبہ کو پورا موقع دیں اور جوابات حاصل کرنے میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔
- غلط جواب دینے والے طلبہ کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں بلکہ کئی طلبہ سے پوچھ کر آخر میں صحیح جواب confirm کریں۔
- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب اچھی طرح سوچ سمجھ کر دیں۔

Animals' actions

- ٹیچر مختلف Walking Actions کا عملی مظاہرہ کرے مثلاً ایک پاؤں اُٹھا کے چلے / دوڑے / لنگڑا کے چلے۔
- اور طلبہ سے پوچھیں ?What am I doing
- طلبہ کو پورا موقع دیں اور جوابات حاصل کرنے میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔

- آخر میں اُنھیں جوابات بتائیں۔ I am hopping/ running/ limping.
- طلبہ کو بتائیں کہ انسانوں کی طرح جانوروں کے حرکت کرنے کے لیے مختلف action words استعمال ہوتے ہیں۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- آخر میں درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کو رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

Writing

- درسی کتاب میں دی گئی لکھائی کی سرگرمیاں کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- Class Rules کے مفہوم اخذ کرائیں۔

Home Work

- طلبہ سے کہیں کہ درسی کتاب میں دیا گیا Class Rules کا چارٹ تیار کر کے لائیں۔

Glossary

Words	Meanings	Words	Meanings	Words	Meanings
fun	تفریح/ شغل	leap	اُچھلنا/ کودنا	climb	چڑھنا
hop	پھدکنا	swim	تیرنا	trot	ڈُلکی چلنا
jump	چھلانگ لگانا	pretend	روپ دھارنا	creature	مخلوق
clever	چالاک	copy	نقل کرنا		

یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کو الفاظ کے معانی نہ بتائیں بلکہ انھیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔

Lesson 10
A Visit to a Doctor

Lesson 10

A visit to a Doctor

Student Learning Outcomes (SLOs)

After reading this lesson, the students will be able to:

- Demonstrate common conventions and dynamics of oral interactions in group to:

  participate in conversation

  take turns
- Use pre-reading strategies to:

  Predict some words that might occur in a text by looking at a picture/title.
- Apply while-reading strategies to interact with text to:
  skim through common graphical features such as pictures and tables in texts to increase understanding.
- Find out the characters in a story and give brief general comments about them.
- Use punctuation according to the rules learnt earlier.
- Identify and use the structure of Present Continuous Tense for describing activities and for actions taking place at the time of speaking.
- Identify the basic elements of a story:

  Beginning, middle and end

  Write a guided story using these elements.
- Use textbook pictures/picture dictionary to aid comprehension and development of vocabulary.

Theme:

Health, Personal Safety and Drug Education

Sub-Theme:

Personal Cleanliness and Hygiene

Material Required

Textbook, Charts and Markers

Teaching Strategies

Group and Pair Work, Roleplay گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

Introduction:

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں جس نے ہمیں اچھی صحت اور ڈھیر ساری نعمتوں سے نوازا۔
- سبق کی تیاری کے لئے چند آسان Pre -reading کے سوالات پوچھیں۔ مثلاً Do you like sweets?
- Have your ever got toothache? How many times do you brush your teeth?

- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم دانتوں کی حفاظت کے بارے میں پڑھیں گے۔

	Development (Activities):

- دو رضاکار طلبہ کو بُلا کر درسی کتاب میں دیا گیا ڈائیلاگ Roleplay کرائیں۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ وہ جوڑوں کی شکل میں ڈائیلاگ کی مشق کریں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔
- دوران سبق مختصر تفہیمی سوالات بھی پوچھتے جائیں۔ مثلاً Does Hammad brush his teeth daily ?

Why are Hammad's teeth rotting? What should we do to protect our teeth from decaying?

- آخر میں نئے الفاظ کی وضاحت کریں۔ ڈکشنری سے مدد لے سکتے ہیں۔

- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔
- طلبہ کو پورا موقع دیں اور جوابات حاصل کرنے میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔
- غلط جواب دینے والے طلبہ کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں بلکہ کئی طلبہ سے پوچھ کر آخر میں صحیح جواب confirm کریں۔
- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب اچھی طرح سوچ سمجھ کر دیں۔

Elements of Story

- طلبہ کو درج ذیل تصویری کہانی دکھائیں۔

- طلبہ سے تصویری کہانی کے بارے میں مختلف سوالات پُوچھیں۔ مثلاً

Could you name the bird?

What is it doing?

Where is the bird sitting?

Could you guess what the problem with it is?

Could it solve its problem or not? What do you learn from this story?

- طلبہ کو پورا موقع دیں اور جوابات حاصل کرنے میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے Elements of a Story کی وضاحت کریں۔
- آخر میں درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کو رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

Dialogue

- دو رضاکار طلبہ کو بُلا کر درسی کتاب میں دیا گیا ڈائیلاگ Roleplay کرائیں۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ وہ جوڑوں کی شکل میں ڈائیلاگ کی مشق کریں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔

Present Continuous Tense

- طلبہ کو گذشتہ اسباق میں پڑھائے گئے **Tenses** کا اعادہ کرائیں۔
- ٹیچر چند سادہ حرکات کا عملی مظاہرہ کرے۔ مثلاً لکھنا / پڑھنا / جمپ لگانا۔
- اب طلبہ سے پوچھیں۔ جیسے ? What am I doing now
- طلبہ کے جوابات تختہ تحریر پر نوٹ کرتے جائیں۔
- اب طلبہ کے جوابات کو دہراتے ہوئے وضاحت کریں کہ **Present Continuous Tense** کا استعمال موجودہ وقت میں جاری کام کے لیے کیا جاتا ہے۔

درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے طلبہ کو **Present Continuous Tense** کا تصور مزید واضح کریں۔

- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

Writing

- درسی کتاب میں دی گئی لکھائی کی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- کہانی سُنا کر طلبہ سے Elements of a Story کی شناخت کروائیں۔

Home Work

- طلبہ سے کہیں کہ اپنی پسند کی کہانی لکھ کر لائیں۔

Glossary

لغت کے استعمال کے حوالے سے؟

Words	Meanings	Words	Meanings	Words	Meanings
sleep	سونا	dentist	دانتوں کا معالج	daily	روزانہ
severe	شدید	problem	مسئلہ	twice	دو مرتبہ
toothache	دانت کا درد	seem	معلوم ہونا / دکھائی دینا	regularly	باقاعدگی سے
guess	اندازہ لگانا	rot	گلنا سڑنا / خراب ہونا		
meal	کھانا	avoid	پرہیز کرنا		

یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کو الفاظ کے معانی نہ بتائیں بلکہ انھیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔

اساتذہ کرام طلبہ کو بھی واضح طور پر بتائیں کہ جو چیزیں بیچتے ہیں وہ فروخت کنندہ (Seller) اور جو چیزیں خریدتے ہیں وہ خریدار (Buyer) کہلاتے ہیں۔ اسی طرح جو چیزیں بیچی یا خریدی جاتیں ہیں وہ اشیاء کہلاتی ہیں اور وہ کام ہم ایک دوسرے کے لیے کرتے ہیں خدمات میں۔

پیارے بچوں ہمیں زندگی میں کچھ قدرتی سانحات جیسے زلزلہ، سیلاب، طوفان وغیرہ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ایسے سانحات میں ہمیں پُر سکون رہنا چاہیئے اور حفاظتی اصولوں پر عمل کرنا چاہیئے۔

طلبہ کو قدرتی سانحات میں محفوظ رہنے کے لیے مختلف تدابیر بتائیں اور طریقے عملی طور پر سکھائیں۔

قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد بَاد
کِشورِ حسین شاد بَاد
تُو نِشانِ عزمِ عالی شان
اَرضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد بَاد

پاک سَرزمین کا نِظام
قوّتِ اُخُوّتِ عوام
قوم، مُلک، سَلطنت
پائندہ تابندہ باد
شاد بَاد منزلِ مراد

پَرچمِ ستارہ و ہلال
رَہبرِ تَرقّی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال
جانِ اِستقبال
سَایہ خُدائے ذُوالجلال